12.08.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. آسیہ میمونہ

Music

-------------------------------

☆ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے جسٹس یشونت ورما کے خلاف عائد کئے گئے، بدعنوانی کے الزامات کی تحقیقات کے لیے ایک تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں بہار کی چناوٴ فہرست کے مسودے کے معاملے پر اپوزیشن کی طرف سے ہنگامے کے سبب کارروائی معطل کردی گئی۔

☆ بھارت کے انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ اُسے بہار میں ایس آئی آر کے بارے میں عوام کی طرف سے تقریباً 14ہزار دعوے اور اعتراضات موصول ہوئے ہیں، لیکن کسی سیاسی پارٹی کی طرف سے کوئی دعویٰ یا اعتراض موصول نہیں ہوا ہے۔

☆ اتراکھنڈ، پنجاب اور جموں وکشمیر کے مختلف علاقوں میں لگاتار بارش کی وجہ سے معمول کی زندگی میں رکاوٹ آ گئی ہے۔

☆ امریکہ اور چین نے، نئے محصولات کے عائد ہونے سے چند گھنٹے پہلے اپنے تجارتی سمجھوتے کو، تقریباً 90 دن تک توسیع دینے سے اتفاق کیا ہے۔

☆ اور: عالمی کھیل مقابلوں میں نمرتا بترا، خواتین کے **Wushu** فائنل میں سونے کے تمغے کے لیے مقامی کھلاڑی **Mengyue Chen** کا سامنا کریں گی۔

-----------------------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے---

**LS-Yaswant Verma**

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے، ہائی کورٹ کے جج جسٹس یشونت ورما کے خلاف عائد کئے گئے الزامات کی تحقیقات کیلئے ایک تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ نئی دلی میں جسٹس یشونت ورما کی رہائش گاہ پر اِس سال مارچ میں جلی ہوئی حالت میں بڑی تعداد میں نقد رقم پائی گئی تھی۔پہلی بار کارروائی معطل کئے جانے کے بعد جب دوپہر 12 بجے لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو اسپیکر نے کہا کہ یہ تین رکنی کمیٹی سپریم کورٹ کے جج جسٹس اروند کمار، مدراس ہائی کورٹ چیف جسٹس، جسٹس مَنِندر موہن شریواستو اور کرناٹک ہائی کورٹ کے سینئر وکیل بی وی آچاریہ پر مشتمل ہوگی۔ جناب برلا نے کہا کہ یہ کمیٹی اپنی رپورٹ جلد سے جلد پیش کرے گی۔اسپیکر نے ایوان کو بتایا کہ انہوں نے جسٹس یشونت ورما کو ہٹائے جانے کے بارے میں، برسرِاقتدار اور اپوزیشن پارٹیوں کے 146 ارکان پارلیمنٹ کے دستخط شدہ نوٹس قبول کئے ہیں۔البتہ انہوں نے کہا کہ اِس سلسلے میں کوئی تحریک، انکوائری کمیٹی کی رپورٹ موصول ہوجانے تک زیرِ التوا رہے گی۔

**Parliament Adjourn**

مختلف معاملات پر اپوزیشن کے شور و غل کی وجہ سے لوک سبھا کی کارروائی آج 3 بجے تک، جبکہ راجیہ سبھا کی کارروائی 2 بجے تک کے لیے ملتوی کردی گئی۔ آج دن میں 12 بجے جب پہلے التواء کے بعد لوک سبھا کی کارروائی پھر سے شروع ہوئی تو اسپیکر اوم برلا نے ہائی کورٹ کے جج جسٹس ورما کے خلاف الزامات کی چھان بین کے لیے 3 رکنی کمیٹی کی تشکیل کا اعلان کیا۔ اِس کے بعد صدرنشیں Sandhiya Ray نے سوالوں کے وقفے کے بعد کی کارروائی چلانے کی کوشش کی، لیکن اپوزیشن اراکین نے نعرے بازی شروع کردی اور وہ بہار میں چناوَ فہرستوں کی خصوصی جامع نظر ثانی پر بحث کا مطالبہ کررہے تھے۔ صدرنشیں نے اُن سے ایوان کی کارروائی چلانے کی اپیل کی، جس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ ہنگامے کے دوران کارروائی دن میں 3 بجے تک کے لیے ملتوی کردی گئی۔ اِس سے پہلے جب دن میں لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن نے بہار میں چناوَ فہرستوں پر خصوصی جامع نظر ثانی کا معاملہ اُٹھایا اور اِس پر بحث کی مانگ کی۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے سوالوں کا وقفہ چلانے کی کوشش کی لیکن اپوزیشن نے نعرے بازی شروع کردی اور وہ احتجاج کرتے رہے، جس پر اسپیکر نے کارروائی کو دن میں 12 بجے تک ملتوی کردیا۔ البتہ شور و غل کے دوران دیہی ترقی کے وزیرِ مملکت چندر شیکھر Pemmasani نے پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت جاری مکانوں کی تعمیر سے متعلق سوالوں کا جواب دیا۔راجیہ سبھا میں بھی اِسی طرح کی صورتحال تھی، جب دن میں 11 بجے کارروائی شروع ہوئی، نائب چیئرمین ہری ونش نے Zero Hour میں ایوان کی کارروائی چلانے کی کوشش کی، لیکن اپوزیشن نے بہار میں چناوَ فہرستوں اور دوسرے معاملات کو اُٹھایا۔ جناب ہری ونش نے بتایا کہ اُنہیں 4 مختلف معاملات پر الگ الگ سیاسی جماعتوں کے التوا کے 21 نوٹس ملے ہیں۔ اِن میں سے 11 معاملات عدالتوں میں زیرِ سماعت ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ ضابطوں کے مطابق عدالتوں میں زیرِ سماعت معاملات پر بحث نہیں کی جاسکتی، اِس لیے انہوں نے تمام نوٹس مسترد کر دیے۔ انہوں نے احتجاج کرنے والے ممبروں سے بار بار اپیل کی کہ وہ اپنی اپنی نشستوں پر واپس چلے جائیں اور ایوان میں کام کاج ہونے دیں، لیکن شور شرابہ جاری رہا اور ڈپٹی چیئرمین نے کارروائی دن میں 2 بجے تک ملتوی کردی۔

**EC-SIR Exercise**

بھارت کے انتخابی کمیشن نے، خصوصی تفصیلی نظرثانی پر اعتراضات کے دوران کہا ہے کہ 12 دن تک دعووں اور اعتراضات کے بعد کسی بھی پارٹی نے بہار میں ابھی تک اِس عمل سے متعلق کوئی ایک بھی دعویٰ یا اعتراض داخل نہیں کیا ہے۔البتہ کمیشن نے کہا ہے کہ ووٹروں کی طرف سے فہرست کے مسودے سے متعلق 13 ہزار 970 دعوے اور اعتراضات براہ راست موصول ہوئے ہیں۔

**ECI-Fact Check**

انتخابی کمیشن نے خصوصی تفصیلی نظرثانی ایس آئی آر کے بارے میں کانگریس رہنما راہل گاندھی اور آر جے ڈی سمیت سیاسی پارٹیوں کے دعووں کو مسترد کردیا ہے۔ سوشل میڈیا پر Fact Checks سے متعلق ایک سیریز میں انتخابی ادارے نے کہا کہ ایسی چناوَ فہرستوں سے جمہوریت کو استحکام حاصل ہوتا ہے، جن میں خامیاں نہ ہوں۔ اُس نے ایس آئی آر سے متعلق سبھی دستاویزات اور ذاتی تفصیلات پر مبنی فارم جمع کرانے کے مرحلے کے دوران اکٹھا کی گئی اہم معلومات کو بھی عام کیا ہے۔ کمیشن نے بہار میں ایس آئی آر سے متعلق اپنے روزانہ کے بلیٹن بھی عام کئے۔انتخابی کمیشن نے کہا کہ بہار میں ووٹروں کی طرف

سے ایس آئی آر سے متعلق موصولہ 127 دعووں اور اعتراضات کو ابھی تک نمٹایا جاچکا ہے۔

**Delhi Tiranga Rally**

ثقافت کی وزارت نے آج نئی دلی میں ہر گھر ترنگا مہم کے تحت ایک ترنگا بائک ریلی کا اہتمام کیا۔ ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے اِس ریلی کی قیادت کی۔ اُن کے ہمراہ مرکزی وزرا کرن رجیجو اور سنجے سیٹھ، نیز دلی کی وزیرِ اعلیٰ ریکھا گپتا بھی تھیں۔ جناب شیخاوت نے اِس موقع پر خاص طور پر بتایا کہ کس طرح ترنگا، قوم کو مضبوطی سے یکجا کرتا ہے اور ہمیں اُن لوگوں کی یاد دلاتا ہے، جنھوں نے ملک کے لیے اپنی زندگیوں کی قربانی دی۔ انہوں نے ترنگے کو اتحاد کی علامت قرار دیا، کیونکہ ملک ایک وکست بھارت کی طرف پیش قدمی کررہا ہے۔

**Nadda-Article**

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے کہا ہے کہ جسم میں خون کی کمی کردینے والے **Sickle Cell** کی روک تھام کے لیے بھارت کی کوشش، محض جینیاتی بدنظمی کو ختم کرنے سے متعلق نہیں ہے بلکہ یہ ملک کے سب سے زیادہ پسماندہ طبقوں کی مساوات، وقار اور صحت کے تئیں ایک عزم ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے ایک مضمون کو شیئر کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ **Sickle Cell** کا خاتمہ کرنے کے قومی مشن **NSCAEM** کا مقصد، جسے جولائی **2023** میں شروع کیا گیا تھا، نہ صرف اِس بیماری کو پھیلنے سے روکنا ہے بلکہ جو لاکھوں لوگ اِس بیماری سے دوچار ہیں، اُن کے وقار اور صحت کو بحال کرنا ہے۔ جناب نڈا نے اِس مضمون میں لکھا ہے کہ اِس مشن کے ابتدائی دو سال کے دوران اِس کے قابل تحسین نتائج برآمد ہوئے ہیں، جن میں حکومت اور ریاستوں دونوں کی ہی کوششیں شامل ہیں۔

**J&K Pak**

بی ایس ایف نے جموں و کشمیر میں ایک پاکستانی درانداز کو زخمی حالت میں گرفتار کیا ہے۔ جب بی ایس ایف کے جوانوں نے کٹھوا ضلع میں بین الاقوامی سرحد پر ایک گروپ کو بھارتی علاقے میں داخل ہونے کی کوشش کرتے ہوئے دیکھا، تو انہوں نے گولی چلا دی۔ بی ایس ایف کے ایک اعلیٰ اہلکار نے بتایا ہے کہ اُن لوگوں کو بار بار وارننگ دی گئی، لیکن انہوں نے اِس کی پرواہ نہیں کی اور تب اگلی چوکیوں پر تعینات بی ایس ایف کے جوانوں نے گولی چلا دی اور ایک درانداز زخمی ہوگیا۔ زخمی درانداز کو فوراً گرفتار کرلیا گیا اور اُسے فوراً علاج کے لیے اسپتال پہنچا دیا گیا۔ اِس کی شناخت کی کوشش کی جارہی ہے اور یہ بھی پتہ لگانے کی کوشش کی جارہی ہے کہ اُس کا بھارت میں داخل ہونے کی کوشش کرنے کا کیا مقصد تھا۔

**IMD**

بھارت کے محکمہ موسمیات **IMD** نے اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں اگلے **7** دن تک شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے کے مطابق اندازہ ہے کہ ہمالیہ کے ذیلی علاقوں، مغربی بنگال، سکم، اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں جمعرات تک شدید سے، بہت شدید بارش ہوگی۔ **IMD** نے اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش کے ساتھ ساتھ اِن علاقوں میں انتہائی شدید بارش کے پیش نظر آج ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسم کے محکمے نے بہار اور اڈیشہ میں الگ الگ جگہوں پر بہت شدید بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے یہ بھی بتایا ہے کہ بہار، جموں وکشمیر، لداخ، جھارکھنڈ اور انڈومان نکوبار جزیروں میں

آج گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کا اندازہ ہے۔ اسی دوران دلی-این سی آر میں آج صبح سویرے بارش ہوئی۔

**China - US Trade**

امریکہ اور چین نے آج سے نئے محصول عائد کیے جانے سے کچھ ہی گھنٹوں پہلے اپنے اپنے محصول کے منصوبے پر عمل 10 نومبر تک روک دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک سلسلے میں جاری کیے گئے ایک مشترکہ بیان میں دونوں ملکوں نے کہا ہے کہ وہ مجوزہ اضافے پر مزید 90 دن یعنی 10 نومبر تک عمل نہیں کریں گے۔ امریکہ، چین کے مال پر 145 فیصد اور چین، امریکہ کے مال پر 125 فیصد محصول فوری طور پر نہیں لگائیں گے۔

**World Games**

چین کے Chengdu میں عالمی گیمس 2025 میں Wushu میں خواتین کے 52 کلوگرام زُمرے کے فائنل میں آج شام بھارت کی نمرَتا بترا کا مقابلہ چین کی Mengyue Chen سے ہوگا۔ یہ اہم میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے ہوگا۔ کل نمرتا نے فلپینس کی Krizan Faith Collado کو دو-صفر سے ہرا کر تاریخ رقم کی تھی۔ اِس سے قبل رِشبھ یادو نے مردوں کے کمپاؤنڈ تیر اندازی مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیت کر اِس ٹورنامنٹ میں بھارت کیلئے پہلا انفرادی میڈل جیتا۔